نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی سفید مکھی کے تدارک کے لئے سفارشات جاری کردیں

لاہور:23جون2025( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق فصل کی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور زہر پاشی کیڑے کی معاشی نقصان کی حد پر کریں۔کپاس کی فصل کے کھیت اور اسکے ارد گرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں۔متبادل میزبان فصلات جیسے کے بینگن،کھیرا، کدو، حلوہ کدو، مرچ، بھنڈی، مونگ اور تل وغیرہ پر باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کریں تاکہ ان فصلوں پر سفید مکھی کا بروقت تدارک کیا جا سکے۔ نائٹروجنی کھادوں کا استعمال فصل کی ضرورت کے مطابق کریں۔فصل کو پانی کی کمی سے بچائیں اور فصل کی ضرورت اور موسمی حالات کے مطابق آبپاشی کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کے کاشتکار 15 تا20 پیلے چپکنے والے کارڈز فی ایکڑ لگائیں اور 15 دن کے وقفے کے بعد چپکنے والا گلو دوبارہ لگائیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت (توسیع) کی بائیولوجیکل لیبارٹریز سے دستیاب بائیو کارڈ کرائی سو پر لا(Chrysoperla) کے 20 کارڈز فی ایکڑ بھی لگائیں۔سفید مکھی کے کنٹرول کے لئے کاشتکار محکمہ زراعت توسیع کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مخصوص زرعی زہروں کا استعمال مناسب وقت، مقدار اور سپرے کے طریقہ کار کے مطابق کریں۔ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں۔سپرے کی مناسب کوریج کو یقینی بنائیں (ترجیحاً پاور اسپریئر کا استعمال کریں)۔سپرے کے لیے اچھی کوالٹی کی ہولوکون نوزل کا استعمال کریں اور زرعی زہروں کا سپرے ترجیحاً شام کے وقت کریں۔

☆☆☆☆